سوال

(181)عام نمازوں میں سستی کرنے والاجماعت کرواسکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کی داڑھی پوری ہے مگرعام نمازوں میں سستی کرتا ہے اور مسجد کی انتظامیہ میں اہم عہدہ کاخواہش مند ہے اورجماعت میں دیر سے ملتا ہے ایک دوتین رکعت بعد میں ادا کرتا ہے خطبہ جمعہ میں بھی دیر سے آتا ہے مسجد میں جوامام خطیب آئے اسے پریشان کرتا ہے البتہ مہمان نوازاورامانت دار ہے کیاایسا شخص اہل حدیث کہلاسکتا ہے اور مسجد اہل حدیث کے اہم عہدہ پرہ سکتا ہے کیایہ جماعت کرواسکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں کہلاسکتا ہے وقتاًفوقتاًجماعت بھی کرواسکتا ہے مسجد کے اہم عہدہ پربرقراررہنے کے متعلق اہل مسجد باہمی صلاح مشورہ کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص159

محدث فتویٰ